Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No.____________

Sig. of Candidate ___________

Sig. of Invigilator.___________

88

# اُردو اختیاری ایچ ایس ایس سی-II

وقت: 25 منٹ حصہ اوّل (کُل نمبر: 20)

نوٹ: حصہ اول لازمی ہے اور صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔ اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر ۱: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) '' رحمۃ للعالمینؐ '' کس کی تصنیف ہے؟

الف۔ قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوری — ب۔ شبلی نعمانی

ج۔ محمد حسین آزاد — د۔ چوہدری افضل حق

(ii) '' چند ہم عصر '' کا تعلق نثر کی کس صنف سے ہے؟

الف۔ سوانح نگاری — ب۔ تاریخ نگاری

ج۔ خاکہ نگاری — د۔ افسانہ نگاری

(iii) '' آپ، جناب، صاحب، '' کا مصنف کون ہے؟

الف۔ محمد حسین آزاد — ب۔ رشید احمد صدیقی

ج۔ سعادت حسن منٹو — د۔ محمد طفیل

(iv) حیاتِ سعدی، یادگارِ غالب، مقدمہ شعر و شاعری کس کی تصانیف ہیں؟

الف۔ سر سید احمد خان — ب۔ مولانا الطاف حسین حالی

ج۔ شبلی نعمانی — د۔ محمد حسین آزاد

(v) '' ایک وصیت کی تعمیل '' کس شخصیت کا خاکہ ہے؟

الف۔ ڈپٹی نذیر احمد — ب۔ مولانا ظفر علی خان

ج۔ مولوی وحید الدین سلیم — د۔ مولوی کریم الدین

(vi) مضمون اور انشائیہ دونوں کے ابتدائی نمونے کس کے ہاں ملتے ہیں؟

الف۔ سر سید احمد خان — ب۔ محمد حسین آزاد

ج۔ مولانا الطاف حسین حالی — د۔ شبلی نعمانی

(vii) مہدی آفادی کا تعلق اُردو ادب کی کس تحریک سے تھا؟

الف۔ تحریک علی گڑھ — ب۔ رومانوی تحریک

ج۔ ترقی پسند تحریک — د۔ حلقۂ اربابِ ذوق

(viii) '' نقدِ میر '' ، '' ولی سے اقبال تک '' ، '' وجہی سے عبدالحق تک '' مباحث کس کی کتابیں ہیں؟

الف۔ ڈاکٹر سیّد عبداللہ — ب۔ نیاز فتح پوری

ج۔ ڈاکٹر وزیر آغا — د۔ فرمان فتح پوری

(ix) '' برف '' ، '' لالٹین '' ، '' دیا سلائی '' ، '' جھینگر کا جنازہ '' کا خالق کون ہے؟

الف۔ فرحت اللہ بیگ — ب۔ رشید احمد صدیقی

ج۔ پطرس بخاری — د۔ خواجہ حسن نظامی

(x) مولانا احسن کے نزدیک دو چوریاں جائز تھیں۔ ایک دل کی دوسری:

الف۔ سائیکل کی — ب۔ قلم کی

ج۔ کیمرے کی — د۔ کتاب کی

یہاں کچھ نہ لکھا جائے

---

(xi) مشتاق احمد یوسفی ایک فطری ________ ہیں۔

الف۔ مزاح نگار　　ب۔ افسانہ نگار

ج۔ خاکہ نگاری　　د۔ ناول نگار

(xii) اشفاق احمد، ابنِ انشا، مستنصر حسین تارڑ ، مختار مسعود کا تعلق کس صنفِ نثر سے ہے؟

الف۔ ناول　　ب۔ سفرنامہ

ج۔ سوانح　　د۔ افسانہ

(xiii) ''شادِ اقبال'' ، ''انوارِ اقبال'' ، ''نوادرِ اقبال'' کس کے مجموعے ہیں؟

الف۔ مضامین　　ب۔ خاکے

ج۔ خطوط　　د۔ افسانے

(xiv) بلھے شاہ، شاہ حسین، سلطان باہو، میاں محمد بخشؒ نے کس زبان میں شاعری کی؟

الف۔ پنجابی　　ب۔ سندھی

ج۔ بلوچی　　د۔ پشتو

(xv) رحمان بابا کس زبان کے شاعر ہیں؟

الف۔ ہندکو　　ب۔ پشتو

ج۔ سرائیکی　　د۔ پوٹھوہاری

(xvi) مثنوی کا لفظ مثنیٰ سے ماخوذ ہے۔ جس کے معنی ہیں؟

الف۔ دو　　ب۔ چار

ج۔ پانچ　　د۔ چھ

(xvii) مثنوی سحرالبیان کس کی تخلیق ہے؟

الف۔ مرزا شوقؔ　　ب۔ میر حسنؔ

ج۔ دیا شنکر نسیمؔ　　د۔ میر تقی میرؔ

(xviii) دبستان لکھنؤ کی نمائندہ مثنوی کون سی ہے؟

الف۔ گلزارِ نسیم　　ب۔ سحرالبیان

ج۔ دریائے عشق　　د۔ خواب و خیال

(xix) کس شاعر کو اردو کا 'چاسر' اور غزل کا 'باوا آدم' کہا جاتا ہے؟

الف۔ شاہ حاتم　　ب۔ ولیؔ دکنی

ج۔ ملا وجہی　　د۔ سعد اللہ گلشن

(xx) رئیس المتغزلین کس کو کہا جاتا ہے؟

الف۔ میر تقی میرؔ　　ب۔ مولانا الطاف حسین حالیؔ

ج۔ مرزا اسد اللہ غالب　　د۔ حسرتؔ موہانی

---

برائے ممتحن:　　کُل نمبر : 20　　حاصل کردہ نمبر: ☐

89

# اُردو اختیاری ایچ ایس ایس سی-II

وقت: 2:35 گھنٹے — کُل نمبر حصہ دوم اور سوم: 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 50)

سوال نمبر۲: درج ذیل اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (10x3=30)

(i) تیسری شب کو حضور ﷺ نمازِ تراویح کے لیے مسجد تشریف کیوں نہ لائے؟

(ii) مولانا حالی تعلیم یافتہ نوجوانوں کی کس طرح حوصلہ افزائی کرتے تھے؟

(iii) فرحت اللہ بیگ نے مولوی وحیدالدین سلیم کی کون سی خامیوں کی طرف اشارہ کیا ہے؟

(iv) فلاسفۂ یونان کے مطابق کون سی دو چیزیں نہایت موزوں ہیں؟

(یا)

ڈاکٹر سیّد عبداللہ کے اسلوب کی خصوصیات بیان کریں۔

(v) علامہ محمد اقبال کے حالاتِ زندگی مختصراً لکھیے۔

(vi) میاں محمد بخشؒ نے نیچ لوگوں کی دوستی کو کس مثال سے واضح کیا ہے؟

(vii) مطلع کسے کہتے ہیں؟ مثال دے کر واضح کریں۔

(یا)

مندرجہ ذیل تراکیب کی وضاحت کریں:

اَشکِ رَرواں ، لعلِ بدخشاں ، فرشِ راہ

(viii) غالب کے کلام کی خصوصیات تحریر کریں۔

(ix) مضمون اور انشائیہ میں فرق کی وضاحت کریں۔

(x) مختار مسعود کے اسلوبِ نگارش پر مختصر نوٹ لکھیے۔

(یا)

ولی دکنی کی شاعری پر نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر۳: سبق اور مُصَنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+4=6)

الف۔ نام و نمود چھو کر نہیں گیا تھا۔ ورنہ شہرت وہ بدبَلا ہے کہ جہاں یہ آتی ہے کچھ نہ کچھ شیخی آ ہی جاتی ہے۔ ہمارے شاعروں میں تو تعلّی عیب ہی نہیں رہی بلکہ شیوہ ہو گئی ہے۔ وہ سیدھی سادی باتیں کرتے تھے اور جیسا کہ عام طور پر دستور ہے باتوں باتوں میں شعر پڑھنا، بحث کر کے اپنی فضیلت جتانا یا اشارے کنائے میں دوسروں کی تحقیر اور در پردہ اپنی بڑائی دکھانا، ان میں بالکل نہ تھا۔

ب۔ بے ترتیبی میں ایک ملکوتی حسن ہے۔ ایک اچھلتے کودتے، ہنستے ناچتے اور شرارتیں کرتے ہوئے بچے میں جو کشش ہے وہ ایک متین، مہذب چبا چبا کر طوطے کی طرح رٹی رٹائی باتیں کرنے والے بچے میں کہاں؟ فطرت کا سارا حسن اس کی بے ترتیبی میں ہے۔ سیدھے خط تو صرف انسان کھینچتا ہے اور بزعم خود سمجھتا ہے کہ اس نے کوئی بڑا تیر مار لیا ہے۔ انسان کے اُگائے ہوئے باغوں اور ترتیب دیے ہوئے پارکوں کا سارا حسن قاعدے اور اصول کا رہینِ منت ہے لیکن فطرت کا حسن تو ان باتوں کا محتاج نہیں جو پاگل کر دینے والی خوبصورت، جو نشلی کیفیت ایک خودرو جنگل میں ہے۔ ایک صاف ستھرے بنے ٹھنے ہوئے باغیچے میں کہاں؟

سوال نمبر۴: کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں: (1+4=5)

الف۔ نعمتوں کا کِیا نہ شکر کبھی
ملی زحمت تو محوِ شر ہے تُو
سفرِ حج تجھے گوارا نہیں
بہرِ زر عازمِ سفر ہے تُو
جس طرح کھوکھلا ہو نخلِ کہن
عہدِ پیری میں بے ثمر ہے تُو

ب۔ پورب میں ایک تھا شہنشاہ
سلطان زین الملوک ذی جاہ
لشکر کش و تاج دار تھا وہ
دشمن کُش و شہریار تھا وہ
خالق نے دیے تھے چار فرزند
دانا، عاقل، ذکی، خرد مند

سوال نمبر۵: کوئی سے تین غزلیہ اشعار کی فرداً فرداً تشریح کیجیے اور ہر شعر کے خالق کا نام بھی لکھیے: (3+3+3=9)

الف۔ پھر میری خبر لینے وہ صیاد نہ آیا
شاید کہ مرا حال اسے یاد نہ آیا

ب۔ دل زمانے کے ہاتھ سے سالم
کوئی ہو گا کہ رہ گیا ہو گا

ج۔ پہنچا جو آپ کو تو میں پہنچا خدا کے تئیں
معلوم اب ہوا کہ بہت میں بھی دور تھا

د۔ نہ کرتی عقل اگر ہفت آسماں کی سیر
کوئی یہ سات ورق کا رسالہ کیا کرتا

ہ۔ یہ فیضانِ نظر تھا یا کہ مکتب کی کرامت تھی
سکھائے کس نے اسمٰعیلؑ کو آدابِ فرزندی

## حصہ سوم (کُل نمبر 30)

سوال نمبر۶: مہدی آفادی کے اسلوب پر نوٹ لکھیے۔ (10)

(یا)

رومانوی تحریک کے زیرِ اثر نیاز فتح پوری کی تحریروں پر نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر۷: میر حسن کی مثنوی نگاری پر نوٹ لکھیں۔ (10)

(یا)

دیا شنکر نسیم کی شاعرانہ خوبیوں پر نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر۸: محسن کاکوروی کے حالاتِ زندگی اور فن پر نوٹ لکھیے۔ (10)

(یا)

میر تقی میر کی غزل پر نوٹ لکھیے۔

------2HA 1638------